WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْلَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ
الْاَوَّلِيْنَ(۳۸)وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا
يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ(۳۹)وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ط نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ(۴۰)
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى
الْجَمْعٰنِ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ(۴۱)اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى
وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ط وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ
مَفْعُوْلًا لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ م بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ م بَيِّنَةٍ ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ(۴۲)اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ط وَّلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي
الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ط اِنَّهٗ عَلِيْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ(۴۳)وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ
اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
الْاُمُوْرُ(۴۴)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ
تُفْلِحُوْنَ(۴۵)وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ(۴۶) وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ(۴۷)



کافروں سے کہو، اگر وہ باز آ جائیں تو اُن کے سابقہ گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ اور اگر وہ اپنی روش نہ بدلیں تو پرانے لوگوں کی روش گُزر چکی۔(38) اور اُن سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور سب دین اللہ کا ہو جائے۔ پھر اگر وہ باز آ جائیں تو اللہ ان کے کام دیکھنے والا ہے۔(39) اور اگر وہ پلٹ جائیں تو یاد رکھو کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے۔ کیا خوب ساتھی اور کیا خوب مددگار ہے۔(40) ☆☆

### دسواں پارہ: وَاعْلَمُوْٓا

تمہیں جو مال بھی غنیمت میں ملے اُس میں پانچواں حصہ اللہ اور رسول کے لیے ہے اور جس میں قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کا حصہ ہے۔ بشرطیکہ تمہارا اللہ پر ایمان ہو اور اُس پر ایمان ہو جو ہم نے اپنے بندے پر فرقان کے دن (جنگ بدر جو حق و باطل کے درمیان فیصلہ کن معرکہ تھی) نازل کیا، جس دن دونوں متحارب جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں اور اللہ ہر شے پر حاوی ہے۔(41) جب تم ادھر تھے اور وہ اُدھر تھے اور قافلہ تم سے نیچے کی طرف گیا۔ اور اگر تم وعدہ کرتے تو وعدہ خلافی کرتے۔ اور لیکن اللہ فیصلہ کرنا چاہتا تھا۔ جسے ہو کر رہنا تھا۔ تاکہ جو شہید ہو حق پر شہید ہو اور جو زندہ رہے حق پر زندہ رہے بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔(42) جب اللہ نے انہیں تمہاری خواب میں کم دکھایا۔ اور اگر اللہ تمہیں ان کی تعداد زیادہ دکھا دیتا تو تم ضرور کم ہمتی دکھاتے اور تم حکم میں جھگڑا کرتے۔ اللہ نے تمہیں بچا لیا۔ اللہ دلوں کا حال جانتا ہے۔(43) اور جب تم لڑائی کے لیے آمنے سامنے ہوئے تو اللہ نے ان کی تعداد تمہاری نظروں میں کم دکھائی تاکہ اللہ اُس بات کا فیصلہ کر دے جسے ہو کر رہنا تھا۔ اور تمام معاملات کو اللہ ہی کی طرف لوٹ جانا ہے۔(44) اے ایمان والو جب لڑائی میں کافروں سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا کثرت سے ذکر کرو، تاکہ تمہارا بھلا ہو۔(45) اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو اور جھگڑو مت۔ ایسا کرنے سے تم کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی (رعب ختم ہو جائے گا) اور صبر کرو اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔(46) اور اُن کی طرح نہ ہو جانا جو اتراتے ہوئے شان و شوکت دکھاتے ہوئے گھروں سے نکلے اور وہ لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور وہ جو کرتے ہیں اللہ کے احاطہ علم میں ہے۔(47)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَاغَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌلَّكُمْ فَلَمَّا
تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّىْ بَرِىْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّىْٓ اَرٰى مَالَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ
اللّٰهَ ط وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(٤٨)اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّهٰٓؤُلَآءِ
دِيْنُهُمْ ط وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ(٤٩)وَلَوْتَرٰٓى اِذْيَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا
الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ(٥٠)ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ
اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ(٥١)كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط كَفَرُوْا
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(٥٢)ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ
يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ(٥٣)كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ
وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ(٥٤)اِنَّ شَرَّالدَّوَآبِّ عِنْدَاللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ(٥٥)اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِىْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا
يَتَّقُوْنَ(٥٦)فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِى الْحَرْبِ فَشَرِّدْبِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ(٥٧)وَاِمَّا
تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ(٥٨)وَلَا
يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ط اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ(٥٩)وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ
وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّاللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ
يَعْلَمُهُمْ ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَىْءٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ(٦٠)وَاِنْ
جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ(٦١)وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ
يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ط هُوَالَّذِىْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ(٦٢)



اور جب شیطان نے اُن کے اعمال اُن کی نظر میں بھلے بنا دیے اور کہا آج تمہیں کوئی شکست نہیں دے سکتا۔ اور میں تمہارا
ساتھی ہوں۔ پھر جب دونوں متحارب جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں تو وہ شیطان اپنی ایڑیوں پر الٹا پھر گیا اور کہا میں تم سے
بری ہوں۔ میں وہ دیکھ رہا ہوں جو تمہیں نظر نہیں آتا۔ مجھے اللہ کا خوف ہے کہ وہ سخت سزا دینے والا ہے۔(48) اور جب
منافق اور دل کے روگی کہنے لگے انہیں ان کے دین نے دھوکہ دیا۔ جو اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ زبردست حکمت والا
ہے۔(49) اگر تم دیکھو جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہیں تو وہ اُن کے چہروں اور پیٹھوں پر مارتے ہوئے کہتے ہیں
اب جلنے کا عذاب چکھو۔(50) انہوں نے اپنے ہاتھوں سے جو آگے بھیجا تھا یہ اُس کی سزا تھی اور اللہ اپنے بندوں پر ظالم
نہیں۔(51) اللہ نے آل فرعون اور ماقبل کی آیات کے منکروں کو ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا بے شک اللہ قوت والا
سخت عذاب دینے والا ہے۔(52) یہ اِس لیے کہ اللہ کسی قوم کو دی ہوئی نعمت بدلتا نہیں جب تک وہ قوم خود نہ اُسے ٹھکرا
دے اور اللہ سننے، جاننے والا ہے۔(53) آلِ فرعون اور اُن سے قبل جنہوں نے اپنے رب کی آیات کو جُھٹلایا ہم نے انہیں
اُن کے اپنے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور آل فرعون کو ہم نے غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے۔(54) بے شک اللہ
کے نزدیک بدترین جانور وہ لوگ ہیں جنہوں نے کُفر کیا اور وہ ایمان نہیں لاتے۔(55) جو تم سے معاہدہ کرتے اور بار بار
توڑتے ہیں وہ متقی نہیں۔(56) اگر تم جنگ میں انہیں پاؤ تو اُن کو ایسا مزا چکھاؤ کہ اُن کے پیچھے والے بھی بھاگ جائیں۔
یہ اس لیے کہ وہ یاد کریں۔(57) اور اگر تمہیں کسی قوم کی غیر جانبداری کا شک ہو تو اُن سے برابری کی سطح پر معاہدہ کرلو۔
بے شک اللہ خائنوں کو پسند نہیں کرتا۔(58) اور یہ خیال نہ کرو کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ بھاگنے میں سبقت لے گئے بے
شک وہ عاجز نہیں کر سکیں گے۔(59) اور اِن کے لیے ضرورت کے مطابق تیاری رکھو اور پلے ہوئے گھوڑے ہوں جن
سے اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں پر تمہاری دھاک بیٹھ جائے۔ تم انہیں نہیں جانتے اللہ جانتا ہے اور تم جو کچھ اللہ کی راہ
میں خرچ کرو گے۔ وہ پورا پورا تمہیں لوٹا دے گا اور تم پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔(60) اور اگر وہ صلح کے لیے جھکیں پھر تم
بھی اُسی کی طرف جُھک جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو بے شک وہ سننے، جاننے والا ہے۔(61) اور اگر وہ دھوکہ دیں تو تمہیں اللہ
کافی ہے۔ وہی ہے جس نے آپکی اور مسلمانوں کی دستگیری کی(62)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ ط لَوۡاَنۡفَقۡتَ مَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مَّآ اَلَّفۡتَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ
بَيۡنَهُمۡ ط اِنَّهٗ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ(٦٣)يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ حَسۡبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ(٦٤)يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ حَرِّضِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ عَلَى الۡقِتَالِ ط اِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ عِشۡرُوۡنَ
صٰبِرُوۡنَ يَغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ وَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ يَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفًا مِّنَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا
يَفۡقَهُوۡنَ(٦٥)اَلۡـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنۡكُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِيۡكُمۡ ضَعۡفًا ط فَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ
يَّغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ وَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ اَلۡفٌ يَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفَيۡنِ بِاِذۡنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيۡنَ (٦٦)مَا كَانَ
لِنَبِىٍّ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗۤ اَسۡرٰى حَتّٰى يُثۡخِنَ فِى الۡاَرۡضِ ط تُرِيۡدُوۡنَ عَرَضَ الدُّنۡيَا وَاللّٰهُ يُرِيۡدُ
الۡاٰخِرَةَ ط وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ(٦٧)لَوۡلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمۡ فِيۡمَاۤ اَخَذۡتُمۡ عَذَابٌ
عَظِيۡمٌ(٦٨)فَكُلُوۡا مِمَّا غَنِمۡتُمۡ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ(٦٩)يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ
قُلۡ لِّمَنۡ فِىۡۤ اَيۡدِيۡكُمۡ مِّنَ الۡاَسۡرٰۤى اِنۡ يَّعۡلَمِ اللّٰهُ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ خَيۡرًا يُّؤۡتِكُمۡ خَيۡرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ
مِنۡكُمۡ وَ يَغۡفِرۡلَكُمۡ ط وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ(٧٠)وَاِنۡ يُّرِيۡدُوۡا خِيَانَتَكَ فَقَدۡ خَانُوا اللّٰهَ مِنۡ قَبۡلُ
فَاَمۡكَنَ مِنۡهُمۡ ط وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ(٧١)اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَهَاجَرُوۡا وَجٰهَدُوۡا بِاَمۡوَالِهِمۡ
وَاَنۡفُسِهِمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ اٰوَوۡا وَّنَصَرُوۡۤا اُولٰٓئِكَ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ط وَالَّذِيۡنَ
اٰمَنُوۡا وَلَمۡ يُهَاجِرُوۡا مَا لَكُمۡ مِّنۡ وَّلَايَتِهِمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوۡا وَاِنِ اسۡتَنۡصَرُوۡكُمۡ فِى
الدِّيۡنِ فَعَلَيۡكُمُ النَّصۡرُ اِلَّا عَلٰى قَوۡمٍ م بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ مِّيۡثَاقٌ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ
بَصِيۡرٌ(٧٢)وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ط اِلَّا تَفۡعَلُوۡهُ تَكُنۡ فِتۡنَةٌ فِى الۡاَرۡضِ وَفَسَادٌ
كَبِيۡرٌ(٧٣)وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَهَاجَرُوۡا وَجٰهَدُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ اٰوَوۡا وَّنَصَرُوۡۤا اُولٰٓئِكَ
هُمُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ حَقًّا ط لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّرِزۡقٌ كَرِيۡمٌ(٧٤)



اور اُن کے دلوں میں الفت ڈال دی۔ اگر آپ زمین میں موجود سب خرچ کر دیتے تو بھی اُن کے دلوں میں الفت نہ ڈال سکتے لیکن اللہ نے اُن کے درمیان الفت ڈال دی۔ بے شک وہ زبردست حکمت والا ہے۔(63) اے نبیؐ آپ کے لیے اللہ اور آپ کے اطاعت گذار مومن کافی ہیں۔(64) اے نبی مومنوں میں قتال کا جذبہ، جذبہ جہاد اجاگر کرو اگر تم میں 20 مومن بھی ثابت قدم ہوں تو وہ 200 پر غالب آئیں گے۔ اور اگر تم میں 100 ثابت قدم ہو جائیں تو وہ 1000 کافروں پر غالب آئیں گے۔ اس لیے کہ وہ ایسی قوم ہے جو سوچ سمجھ سے عاری ہے۔(65) اِس وقت اللہ نے تم پر دباؤ کم کر دیا ہے اور اُس نے جان لیا ہے کہ تمہاری جماعت کمزور ہے۔ پھر بھی اگر تم میں 100 (ایک سو) صابر لڑنے والے ہو جائیں تو وہ 200 پر بھاری ہوں گے۔ اور اگر تم میں 1000 (ایک ہزار) لڑنے والے ثابت قدم ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے 2000 (دو ہزار) پر بھاری ہوں گے۔ اور اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔(66) نبی نہیں چاہتے تھے کہ اُس کے پاس زمین پر خون ریزی کرنے والوں کے سوا قیدی ہوں۔ تم دنیا کی کشادگی چاہتے ہو جب کہ اللہ آخرت چاہتا ہے اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔(67) اگر اللہ نے پہلے سے تمہارے ہاتھوں ان کی گرفتاری نہ لکھ دی ہوتی تو ضرور تمہارے لیے عذاب عظیم ہوتا۔(68) جو ہم نے تمہیں حلال وطیب مال دیا ہے۔ وہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ غفور ورحیم ہے۔(69) اے نبی اپنے ہاتھ والے قیدیوں سے کہو! اگر اللہ کو تمہارے دلوں میں کوئی اچھائی نظر آئی تو وہ تمہیں تمہارے نقصان سے زیادہ نفع عطا کرے گا۔ اور تمہاری مغفرت فرمائے گا اور اللہ غفور ورحیم ہے۔(70) اور اگر وہ تم سے خیانت کرنا چاہیں گے تو ایسی خیانت وہ اللہ سے اس سے قبل بھی کر چکے ہیں پھر اللہ نے انہیں پکڑ وا دیا اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(71) ایمان لانے ہجرت کرنے اللہ کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرنے والوں کو پناہ اور مدد دینے والے ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور جو ایمان لا کر ہجرت نہ کریں ان سے کیا لینا۔ اور جو ہجرت کریں دین کی خاطر ان کی مدد کرو۔ سوائے اُس قوم کے خلاف جن کا تم دونوں کے درمیان غیر جانبدار رہنے کا معاہدہ ہو۔ اور تم جو کرتے ہو اللہ دیکھتا ہے۔(72) کافر ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ اگر تم نے حسب الحکم عمل نہ کیا تو زمین پر فتنہ اور بڑا فساد ہوگا۔(73) مومن مہاجر، مجاہد اور اُن کو پناہ اور مدد دینے والے حقیقی مومن ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت والی روزی ہے۔(74)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ط وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى
بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ(۷۵)

### ۹ . سورة التوبة ... مدينة

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ(۱)فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ
وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ(۲)وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ
يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ ط فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ
فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ط وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ(۳)اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْئًا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ط
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ(۴)فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ
وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا
سَبِيْلَهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۵)وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ
اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ(۶)كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ
وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ(۷)كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ط يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ
وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ(۸)اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ط اِنَّهُمْ سَآءَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ(۹)لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ(۱۰)فَاِنْ تَابُوْا
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ط وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ(۱۱)وَاِنْ
نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ
لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ(۱۲)



جولوگ بعد میں ایمان لائے، اپنے گھر بار چھوڑے اور تمہارے ساتھ مل کر جہاد کیا وہی تمہارے اپنے ماں جائے بھائی ہیں
اور اللہ کی کتاب میں ایک سے بڑھ کر ایک ہیں۔ بے شک اللہ سب جانتا ہے۔(75)

### (9)...... سورہ التوبہ 1-93

اللہ اور اُس کے رسول کی اُن لوگوں کو برات ہے جنہوں نے مشرکوں سے عہد کر رکھا ہے۔(1) تم 4 ماہ تک چل پھر لو اور
جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے۔ اور اللہ کافروں کو رسوا کرتا ہے۔(2) اور اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف سے حج اکبر کے
دن اعلان کر دو کہ اللہ اور اُسکا رسول مشرکوں سے بری الذمہ ہیں۔ پھر اگر تم توبہ کر و تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ اور اگر تم
روگردانی کرو تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے۔ اور کافروں کو دردناک عذاب کی بشارت دے دو۔(3) جن مشرکوں
سے تم نے عہد کیا پھر اُن مشرکوں نے عہد میں کسی شے کی کمی نہ کی اور تمہارے خلاف کسی کی مدد نہ کی تو اُن کے ساتھ کئے گئے
معاہدے اُن کی مدت پوری ہونے تک جاری رہنے دو۔ بے شک اللہ متقیوں سے محبت کرتا ہے۔(4) پھر جب حُرمت
والے مہینے گزر جائیں تو جہاں مشرک پاؤ، وہیں قتل کر دو اور انہیں پکڑ و اور اُن کا محاصرہ کرو اور اُن کے لیے ہر گھات میں
بیٹھو۔ پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو اُن کا راستہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ غفور و رحیم ہے۔(5) اور
اگر مشرکوں میں سے کوئی تیری پناہ چاہے تو اُسے کلام اللہ سننے تک پناہ دے دو پھر اُسے محفوظ مقام پر پہنچا دو۔ یہ اس لیے
کہ وہ قوم ایسی ہے جو بے علم ہے۔(6) مشرکوں کے لیے اللہ اور اُس کے رسول کے پاس کیوں کوئی عہد ہو، سوائے وہ
لوگ جن کے ساتھ تم نے مسجد الحرام کے پاس عہد کر لیا۔ پھر جب وہ تمہارے لیے عہد پر قائم رہیں تو تم بھی عہد پر
قائم رہو۔ بے شک اللہ متقیوں سے محبت کرتا ہے۔(7) اور اگر وہ تم پر غالب آ جائیں تو وہ لحاظ نہ کریں کسی قرابت والے
کا اور نہ کسی عہد کا۔ وہ تمہیں صرف اپنے منہ سے راضی کرتے ہیں اور اپنے دلوں سے بیزاری کرتے ہیں اور اُن میں اکثر
فاسق ہیں۔(8) انہوں نے اللہ کی آیات کو تھوڑے فائدے کے لیے بیچ دیا اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا۔ بُرا تھا جو وہ
کرتے تھے۔(9) وہ نہ مومن قرابت دار کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ کسی عہد کا۔ یہی لوگ ہیں جو حد سے گزرے ہوئے
ہیں۔(10) پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔ اور ہم جاننے والی قوم
کے لیے آیات کھول کر بیان کرتے ہیں۔(11) اور اگر وہ اپنا عہد کرنے کے بعد اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہیں تمہارے
دین میں طعنہ دیں تو اُن کُفر کے سرداروں کے ساتھ قتال کرو (جنگ کرو) بے شک اُن کے لیے کوئی قسم نہیں۔ شاید کہ وہ منع
ہو جائیں۔(12)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اَلا تُـقَاتِلُوْنَ قَوْمًانَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ط اَتَخْشَوْنَهُمْ
فَـاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ(١٣)قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ
عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ(١٤)وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ط وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ط
وَاللّٰـهُ عَـلِيْمٌ حَكِيْمٌ(١٥)اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا
مِنْ دُوْنِ اللّٰـهِ وَلَارَسُوْلِهٖ وَلَاالْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ط وَاللّٰـهُ خَبِيْـرٌم بِـمَا تَـعْـمَلُوْنَ(١٦)مَاكَانَ
لِلْـمُشْـرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَاللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ط اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
وَفِى الـنَّـارِ هُـمْ خٰـلِدُوْنَ (١٧)اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ
وَاٰتَـى الـزَّكٰـوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّااللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ(١٨)اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ
الْـحَآجِّ وَعِـمَارَةَ الْـمَسْـجِدِ الْـحَرَامِ كَـمَـنْ اٰمَـنَ بِـاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط
لَايَسْتَـوٗنَ عِنْدَاللّٰهِ ط وَاللّٰـهُ لَا يَهْـدِى الْـقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ(١٩)اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ
سَبِيْـلِ اللّٰـهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَاللّٰهِ ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ(٢٠)يُبَشِّرُهُمْ
رَبُّهُـمْ بِـرَحْـمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ(٢١)خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ
اَجْـرٌ عَظِيْمٌ(٢٢)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى
الْاِيْمَانِ ط وَمَـنْ يَّتَـوَلَّهُـمْ مِّـنْـكُـمْ فَـاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (٢٣)قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ
وَاِخْـوَانُـكُـمْ وَاَزْوَاجُـكُـمْ وَعَشِيْـرَتُكُمْ وَاَمْوَالُنِاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ
تَـرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ط وَاللّٰهُ
لَا يَهْـدِى الْـقَـوْمَ الْـفٰسِـقِيْـنَ (٢٤)لَـقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ
كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ (٢٥)



کیاتم اُس قوم کے خلاف نہیں لڑوگے (قتال نہیں کروگے) جنہوں نے اپنے عہد کوتوڑااوررسول کونکالنے کاارادہ کیا۔اور
وہ تم سے عہد توڑنے میں پہل کرنے والے تھے۔کیاتم اُن سے ڈرتے ہوحق تو یہ ہے کہ تم اللہ سے ڈرواگرتم مومن
ہو۔(13) تم اُن سے قتال کروتا کہ اللہ انہیں تمہارے ہاتھوں تکلیف (عذاب) دےاوروہ انہیں پکڑےاوراُن پرتمہاری
مدد کرےاورمومنوں کے دلوں کوشفادے(14) اوروہ غصہ میں اُن کے دلوں کو لے جائے اوراللہ جسے چاہتا ہےتوبہ دیتا
ہےاوراللہ جاننے والااورحکمت والا ہے۔(15) کیاتمہاراخیال ہے کہ تم چُھوٹ جاؤگے جب کہ ابھی اللہ نے معلوم ہی
نہیں کیا کہ تم میں سے کون جہاد کرتے ہیں اورکون اللہ کوچھوڑ کر دوسروں کودوست بناتے ہیں اورتم جوکرتے ہواللہ جانتا
ہے۔(16) مشرکوں کا کام نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں جب کہ وہ اپنے کافر ہونے کے گواہ ہیں۔یہی وہ لوگ
ہیں جن کے تمام اعمال ضائع ہوگئے،اوروہ آگ میں ہمیشہ رہیں گے۔(17) اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جن کا اللہ
اور یوم آخرت پرایمان ہواوروہ نماز قائم کیے ہوئے ہوں اورزکوۃ ادا کرتے ہوں،اوراللہ کے سواکسی سے نہ ڈرتے
ہوں۔امید ہے کہ یہی لوگ ہدایت یافتہ ہوں گے۔(18) کیاتم نے حاجیوں کوپانی پلانے اورمسجدالحرام کے بنانے کواللہ
اورآخرت کے دن پرایمان لانے اوراللہ کے راستے میں جہاد کرنے کوایک برابرسمجھ لیا۔وہ اللہ کے نزدیک ایک برابرنہیں،
اوراللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(19) جن لوگوں نے ایمان قبول کیااورہجرت کی اوراللہ کے راستے میں مالوں اور
جانوں سے جہاد کیا اُن کے اللہ کے ہاں بڑے درجے ہیں اوریہی کامیاب لوگ ہیں۔(20) اُن کارب انہیں اپنی طرف
سے رحمت اوررضامندی اورجنتوں کی بشارت دیتا ہے۔اُنکے لیے اِن میں قائم رہنے والی نعمت ہے۔(21) وہ اِس میں
ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ کے ہاں اُن کے لیے اجرعظیم ہے۔(22) اے مومنوں!اپنے آباؤاجداداوراپنے بھائیوں کو
اپناولی نہ بناؤاگروہ ایمان پرکُفرکوترجیح دیں اورجوتم میں بدل گیا (اُن سے دوستی کرےگا) تووہی ظالم ہوگا۔(23) کہواگر
تمہارے آباؤاجداداوربیٹے اوربھائی اوربیویاں اورتمہارے کُنبے اورمال جوتم نے کمائے اورتجارت جس کے نقصان سے تم
ڈرتے ہواورتمہاری رہائش گاہیں جوتمہیں اللہ اوراس کے رسولؐ سے اوراس کی راہ میں جہاد سے زیادہ پیاری ہیں،توانتظار
کروحتیٰ کہ اللہ اپنے حکم کے ساتھ آجائے اوراللہ فاسق قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(24) تحقیق،ثابت ہواکہ اللہ نے اکثر
موقعوں پرتمہاری مدد کی اورحنین کی جنگ کے دن جب تمہاری کثرت نے تمہیں مغرورکردیاتھا۔پھراُس کثرت سے تمہیں
کوئی فائدہ نہ ہوا۔اوردنیاباوجودوسعت،تم پرتنگ ہوگئی۔پھرتم پیٹھ دکھاگئے۔(25)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



ثُـمَّ اَنـزَلَ الـلّٰهُ سَكِيۡنَتَهٗ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ وَعَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَاَنۡزَلَ جُنُوۡدًالَّمۡ تَرَوۡهَا وَعَذَّبَ الَّذِيۡنَ
كَفَرُوۡا ط وَذٰلِكَ جَـزَآءُ الۡـكٰفِرِيۡنَ(٢٦)ثُمَّ يَتُوۡبُ اللّٰهُ مِنۡ م بَعۡدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ ط
وَالـلّٰـهُ غَـفُـوۡرٌ رَّحِـيۡـمٌ(٢٧)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّمَا الۡمُشۡرِكُوۡنَ نَجَسٌ فَلَايَقۡرَبُوا الۡمَسۡجِدَ
الۡـحَـرَامَ بَعۡدَ عَامِهِمۡ هٰذَا وَاِنۡ خِفۡتُمۡ عَيۡلَةً فَسَوۡفَ يُغۡنِيۡكُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖۤ اِنۡ شَآءَ ط اِنَّ اللّٰهَ
عَـلِيۡـمٌ حَـكِيۡمٌ(٢٨)قَاتِلُوا الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوۡنَ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ
وَرَسُـوۡلُـهٗ وَلَا يَـدِيۡـنُـوۡنَ دِيۡـنَ الۡحَقِّ مِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ حَتّٰى يُعۡطُوا الۡجِزۡيَةَ عَنۡ يَّدٍ وَّهُمۡ
صٰغِرُوۡنَ(٢٩)وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ عُزَيۡرُ اۨبۡنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الۡمَسِيۡحُ ابۡنُ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ
قَوۡلُهُمۡ بِـاَفۡـوَاهِـهِـمۡ يُضَـاهِـئُـوۡنَ قَـوۡلَ الَّـذِيۡـنَ كَفَـرُوۡا مِنۡ قَبۡلُ ط قَـاتَـلَـهُـمُ الـلّٰـهُ اَنّٰـى
يُـؤۡفَـكُـوۡنَ(٣٠)اِتَّـخَـذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ وَرُهۡبَانَهُمۡ اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَالۡمَسِيۡحَ ابۡنَ مَرۡيَمَ وَمَاۤ
اُمِـرُوۡۤا اِلَّا لِيَـعۡـبُـدُوۡۤا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط سُبۡـحٰـنَـهٗ عَـمَّا يُشۡرِكُوۡنَ(٣١)يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ
يُـطۡـفِـئُـوۡا نُـوۡرَ الـلّٰـهِ بِاَفۡوَاهِهِمۡ وَيَاۡبَى اللّٰهُ اِلَّاۤ اَنۡ يُّتِمَّ نُوۡرَهٗ وَلَوۡ كَرِهَ الۡكٰفِرُوۡنَ(٣٢)هُوَالَّذِىۡۤ
اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰى وَدِيۡنِ الۡحَقِّ لِيُظۡهِرَهٗ عَلَى الدِّيۡنِ كُلِّهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ(٣٣)يٰۤاَيُّهَا
الَّـذِيۡـنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ الۡاَحۡبَارِ وَالرُّهۡبَانِ لَيَاۡكُلُوۡنَ اَمۡوَالَ النَّاسِ بِالۡبَاطِلِ وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ
سَبِيۡلِ اللّٰهِ ط وَالَّذِيۡنَ يَكۡنِزُوۡنَ الـذَّهَـبَ وَالۡـفِضَّةَ وَلَا يُنۡفِقُوۡنَهَا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَبَشِّرۡهُمۡ بِعَذَابٍ
اَلِيۡـمٍ(٣٤)يَّـوۡمَ يُـحۡـمٰـى عَـلَيۡهَـا فِـىۡ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكۡوٰى بِهَا جِبَاهُهُمۡ وَجُنُوۡبُهُمۡ وَظُهُوۡرُهُمۡ ط هٰذَا
مَـا كَـنَزۡتُمۡ لِاَنۡفُسِكُمۡ فَذُوۡقُوۡا مَا كُنۡتُمۡ تَكۡنِزُوۡنَ(٣٥)اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوۡرِ عِنۡدَاللّٰهِ اثۡنَا عَشَرَ شَهۡرًا فِىۡ
كِتٰبِ ا للّٰهِ يَوۡمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ مِنۡهَاۤ اَرۡبَعَةٌ حُرُمٌ ط ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ فَلَا تَظۡلِمُوۡا فِيۡهِنَّ
اَنۡفُسَكُمۡ وَقَاتِلُوا الۡمُشۡرِكِيۡنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوۡنَكُمۡ كَآفَّةً ط وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُتَّقِيۡنَ(٣٦)



پھر اللہ نے اپنے رسول اور مومنوں پر تسکین اتاری اور لشکر جو تمہیں نظر نہیں آئے اور کافروں کو اللہ نے عذاب دیا اور کافروں
کی یہی سزا ہے۔(26) پھر اِس کے بعد اللہ جسے چاہے توبہ دے اور اللہ غفور اور رحیم ہے۔(27) اے مومنو! مشرک پلید
ہیں۔ وہ اس سال کے بعد مسجد الحرام کے قریب نہ جائیں اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ محتاج ہو جاؤ گے تو انشاء اللہ، اللہ تمہیں
اپنے فضل سے جلد غنی کر دے گا۔ اللہ علیم و دانا ہے۔(28) تم اللہ اور آخرت کے منکروں، اللہ اور رسول کے حرام کو حرام نہ
سمجھنے والوں اور دین حق قبول نہ کرنے والے اہل کتاب سے لڑو کہ وہ کم تر ہو کر جزیہ دینے لگیں۔(29) اور یہود نے کہا
عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائیوں نے کہا مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔ یہ باتیں اُن کے منہ کی ہیں۔ وہ قبل کے کافروں کی طرح کہتے
ہیں اللہ نے انہیں قتل کیا۔ کدھر گرے جاتے ہیں۔(30) انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے علما اور راہبوں کو اپنا رب بنا لیا اور مسیح
ابن مریم کو بھی اپنا رب بنا لیا جب کہ انہیں صرف معبود واحد کی عبادت کرنے کا کہا گیا تھا۔ وہ معبودِ واحد جس کے سوا کوئی
معبود نہیں اور وہی ہے جو پاک ہے اُس سے جسے وہ شریک بناتے ہیں۔(31) وہ چاہتے ہیں کہ پھونکوں سے اللہ کے نور کو
بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا۔ چاہے کافروں کو اچھا نہ لگے۔(32) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور
دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اس دین کو کُل دین پر غالب کر کے دکھا دے۔ چاہے مشرکوں کو برا لگے۔(33) اے مومنو
اِس میں شک نہیں کہ اکثر علماء اور راہب (درویش) لوگوں کے مال غلط طریقے سے کھاتے ہیں اور لوگوں کو اللہ کے راستے
سے روکتے ہیں۔ اور جو لوگ سونا چاندی جمع (خزانہ) کر کے رکھتے ہیں اور انہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو انہیں درد
ناک عذاب کی بشارت دے دو۔(34) جب ہم اُس سونے چاندی پر جہنم کی آگ دھکائیں گے پھر اُس سے اُن کی
پیشانیوں اور اُن کے پہلوؤں اور اُن کی پشتوں کو داغیں گے اور کہیں گے یہ ہے جسے تم نے اپنے لیے جمع (خزانہ) کر کے
رکھا ہوا تھا۔ اب مزا چکھو جو تم جمع کرتے تھے۔(35) بے شک اللہ کے نزدیک کتاب اللہ میں مہینوں کی تعداد 12 ہے۔ یہ
تعداد اُس دن سے ہے جب سے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا گیا۔ اس میں 4 ماہ حرمت و ادب والے ہیں۔ یہ دین قائم
رہنے والا ہے تو اِس میں تم خود پر ظلم نہ کرو اور تم سب کے سب مشرکوں سے لڑو جس طرح وہ تم سے لڑتے ہیں سب کے سب
اور جان رکھو کہ اللہ متقیوں کے ساتھ ہے۔(36)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّـمَا النَّسِیٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْکُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّیُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِئُوْا
عِدَّةَ مَـا حَـرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ط زُیِّـنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ط وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ
الْـکٰـفِـرِیْـنَ(۳۷)یٰٓاَیُّهَـا الَّـذِیْنَ اٰمَنُوْا مَالَکُمْ اِذَا قِیْلَ لَکُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَی
الْاَرْضِ ط اَرَضِیْتُمْ بِـالْحَیٰوةِ الـدُّنْیَـا مِـنَ الْاٰخِـرَةِ فَـمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا
قَـلِیْـلٌ(۳۸)اِلَّا تَـنْـفِـرُوْا یُـعَذِّبْکُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا وَّیَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَیْئًا ط
وَالـلّٰـهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ(۳۹)اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ثَانِیَ
اثْنَیْنِ اِذْهُمَا فِی الْغَارِ اِذْیَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَکِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَاَیَّدَهٗ
بِـجُنُوْدٍلَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ کَلِمَةَ الَّذِیْنَ کَفَرُوا السُّفْلٰی ط وَکَـلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ط وَاللّٰهُ
عَـزِیْـزٌ حَـکِیْـمٌ (۴۰)اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ط
ذٰلِکُمْ خَیْرٌلَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ(۴۱)لَوْکَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّا تَّبَعُوْکَ وَلٰکِنْ
م بَعُدَتْ عَلَیْهِمُ الشُّقَّةُ ط وَسَیَحْلِفُوْنَ بِـاللّٰهِ لَوِاسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَکُمْ یُهْلِکُوْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاللّٰهُ
یَـعْـلَـمُ اِنَّهُـمْ لَـکٰذِبُوْنَ(۴۲)عَفَا اللّٰهُ عَنْکَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ
الْـکٰذِبِیْنَ(۴۳)لَا یَسْتَاْذِنُکَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
ط وَالـلّٰـهُ عَـلِیْـمٌ م بِالْمُتَّقِیْنَ(۴۴)اِنَّمَا یَسْتَاْذِنُکَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ
قُـلُـوْبُهُـمْ فَهُـمْ فِـیْ رَیْبِهِمْ یَتَرَدَّدُوْنَ(۴۵)وَلَوْاَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰکِنْ کَرِهَ اللّٰهُ م
انْبِـعَـاثَهُـمْ فَثَبَّـطَهُـمْ وَقِیْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِیْنَ(۴۶)لَوْ خَرَجُوْا فِیْکُمْ مَّا زَادُوْکُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَا اَوْ
ضَـعُـوْا خِلٰلَکُمْ یَبْغُوْنَکُمُ الْفِتْنَةَ وَفِیْکُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ط وَالـلّٰـهُ عَلِیْمٌ م بِالظّٰلِمِیْنَ(۴۷)لَقَدِ ابْتَغَوُا
الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَکَ الْاُمُوْرَ حَتّٰی جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُاللّٰهِ وَهُمْ کٰرِهُوْنَ(۴۸)



کافرمہینوں کوآ گے پیچھے کر کے کسی سال انھیں حلال اور کسی سال حرام کر لیتے ہیں تا کہ اللہ نے جو حرمت رکھی ہے اُسے ایک
سال مان لیں۔انہیں ان کے بُرے کام بھلے دکھا دیے گئے ہیں اور اللہ کافروں کی رہنمائی نہیں کرتا۔(37) اے ایمان والو
تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تمہیں کہا جاتا ہے اللہ کے راستے میں نکلو تو تم زمین کے ساتھ چمٹے جاتے ہو۔کیا تم آخرت کے
بدلے دنیاوی زندگانی پر ہی راضی ہو گئے ہو۔سنو دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلے میں تھوڑی ہے۔(38) اگر تم (اللہ کے
راستے میں ) نہ نکلے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا اور وہ تمہاری جگہ غیروں کو لے آئے گا اور تم اُس کا کچھ بھی بگاڑ نہیں
سکتے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔(39) اگر تم اللہ کے رسولؐ کی مدد نہیں کرتے تو کوئی بات نہیں ان کی اللہ نے اُس وقت مدد
کی جب کافروں نے اُن کو نکال دیا تھا۔جب دونوں غار میں تھے دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا' غم نہ کر
اللہ ہمارے ساتھ ہے۔پھر اللہ نے اُن پر سکون واطمینان نازل کیا اور اُن کی غیب کے لشکروں سے مدد کی جو تمہیں نظر نہیں
آئے۔اور کافروں کی بات کو پست کر دیا اور اللہ کی بات ہی بُلند واعلیٰ ہے اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔(40) نکلو اللہ
کے راستے میں ہلکے اور بھاری اور اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرو۔یہی تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔(41)
اگر مدعا قریب ہوتا اور فاصلہ زیادہ دور کا نہ ہوتا تو یہ لوگ تیرے پیچھے ہو لیتے۔لیکن ان پر دور دراز جانا مشقت تھی اور وہ جلد
اللہ کی قسمیں کھا کر خود کو ہلاک کریں گے کہ اگر ہم میں استطاعت ہوتی تو ضرور تمہارے ساتھ نکلتے اور اللہ جانتا ہے کہ وہ
جھوٹے ہیں۔(42) اللہ نے تجھے معاف کر دیا اس بات سے کہ تم نے لوگوں کے سچا اور جھوٹا ہونے کی پہچان کے لیے
جنگ میں جانے کی اجازت دی۔(43) اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لانے والے اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرنے
سے رکنے کی تجھ سے اجازت نہیں مانگیں گے۔اور اللہ ایسے متقیوں کو جانتا ہے۔(44) ایسی اجازت تو وہی مانگتے ہیں جن کا
اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں ہوتا اور جن کے دلوں میں شک ہوتا ہے اور وہ شک میں ہی سرگرداں رہتے ہیں' انہیں
ٹھکرا دیا جائے گا۔(45) اور اگر اِن کا ارادہ خروج کا ہوتا تو وہ ضرور جہاد کے لیے سفر کا سامان تیار رکھتے۔لیکن اللہ کو ان کا
اٹھنا پسند نہ تھا۔اس لئے اُن کو متحرک ہی نہ کیا اور کہا تم بیٹھے رہو بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ۔(46) اگر وہ تم میں مل کر نکلتے
تو صرف فساد بڑھاتے اور وہ گھوڑے دوڑا دیتے اور فتنہ ڈالنے کے درپے رہتے اور تمہارے درمیان اُن کے جاسوس موجود
ہیں اور اللہ کو ظالموں کی خبر ہے۔(47) اِس میں شک نہیں کہ یہ لوگ اِس سے پہلے بھی فتنہ ڈالنے کے متلاشی رہتے تھے اور
تمہارے معاملات خراب کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ حق آ گیا اور اللہ کا حکم ظاہر ہو گیا۔اور وہ تھے ہی کراہت کرنے
والے۔(48)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ط اَلَا فِى الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ط وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ م
بِالْكٰفِرِيْنَ (٤٩)اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا
مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ(٥٠)قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ(٥١)قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ط وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ
اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ(٥٢)قُلْ اَنْفِقُوْا
طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ط اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ(٥٣)وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ
نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا
وَهُمْ كٰرِهُوْنَ (٥٤)فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ط اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ (٥٥)وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ط وَمَا هُمْ
مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ (٥٦)لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ
يَجْمَحُوْنَ (٥٧)وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا
مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ (٥٨)وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ
سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ(٥٩)اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ
وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَابْنِ السَّبِيْلِ ط فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (٦٠)



اور اُن میں سے جو کہتا ہے مجھے حکم دیں اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیں خبردار وہ فتنہ میں ہیں اور کافروں کو جہنم گھیرے ہوئے ہے۔(49) اگر تمہیں کوئی فائدہ ہو تو اُن کو برا لگتا ہے اور اگر کوئی نقصان ہو تو کہتے ہیں ہم نے اپنا معاملہ پہلے ہی پکڑ لیا تھا۔ اور وہ بڑی خوشی خوشی لوٹتے ہیں۔(50) تم کہو، اللہ نے جو ہمارے لیے لکھ دیا ہے اُس کے سوا ہمیں کچھ نہیں ملتا۔ اور مومنوں کو اللہ پر توکل کرنا چاہیے جو ہمارا مولیٰ ہے۔(51) کہو تم ہمیں دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی پہنچنے کا انتظار کر رہے ہو (یعنی فتح یا شہادت میں سے ایک۔ ظاہر ہے کہ یہ بھلائی کافروں کی نظر میں موت ہی ہوگی۔ مگر مومن موت کو شہادت کا درجہ دیتا ہے اور یہ بھی اُس کے حق میں بھلائی ہے) جب کہ ہم تمہارے لیے اُسی کے ہی منتظر ہیں یعنی موت جو اللہ کی طرف سے آئے یا ہمارے ہاتھوں تمہیں ملے۔ تو پھر تم انتظار کرو اور ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتے ہیں۔(52) کہو تم چاہتے ہوئے یا نا چاہتے ہوئے جو مال بھی خرچ کرو گے تم سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ تم فاسق قوم ہو۔(53) اور اُن کا خرچ قبول ہونا ضائع نہیں تھا مگر اس لیے کہ وہ اللہ اور اُس کے رسول کا انکار کرتے اور نماز میں سستی سے آتے اور خرچ بھی بے دلی سے کرتے۔(54) تجھے اُن کے مال اور اولاد حیرانی میں نہ ڈال دیں، اللہ چاہتا ہے کہ انہیں ان سے اِس دنیاوی زندگی میں عذاب میں ڈالے اور کفر میں ہی ان کی جانیں نکال دے۔(55) اور وہ اللہ کا حلف اٹھا کر کہتے ہیں کہ وہ ضرور تم میں سے ہیں اور وہ تم میں سے نہیں اور وہ خوفزدہ/ڈرپوک قوم میں سے ہیں۔(56) اگر انہیں پناہ گاہیں مل جائیں یا غاریں مل جائیں یا گھسنے کی جگہ مل جائے تو وہ اُسی کی طرف پلٹ جائیں اور وہ رسیاں تڑوانے والے ہیں۔(57) اور اُن میں سے جو صدقات کے بارے میں آپ پر اعتراض کرتے ہیں۔ اگر اُس میں سے انہیں مل جائے تو وہ راضی اور اگر نہ دیا جائے تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں۔(58) اور اگر وہ اُس پر راضی ہو جاتے جو اللہ اور اُس کے رسول نے انہیں دیا اور کہتے ہمارا اللہ اپنے فضل اور اپنے رسول کے توسط سے جو دے وہ ہمارے لیے کافی ہے بے شک ہم اللہ کی طرف رغبت رکھنے والے لوگ ہیں۔(59) بے شک صدقات ناداروں، غریبوں، مسکینوں، اور عاملین زکوٰۃ کے لیے اور اُن کے دلوں کی تالیف کے لیے اور گردن چھڑوانے کے لیے (گلوخلاصی کروانے کے لیے) اور مقروضوں کے لیے اور اللہ کے راستے میں اور مسافروں کے لیے ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے فرض ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(60)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ط قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ط وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۶۱) يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ
لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ (۶۲) اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ
يُّحَادِدِاللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ط ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ (۶۳) يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ
اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط قُلِ اسْتَهْزِءُوْا اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ
(۶۴) وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ط قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ
(۶۵) لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًمبِاَنَّهُمْ كَانُوْا
مُجْرِمِيْنَ (۶۶) اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ م بَعْضٍ م يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ
الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ط نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ط اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (۶۷) وَعَدَاللّٰهُ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط هِيَ حَسْبُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّقِيْمٌ (۶۸) كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ط فَاسْتَمْتَعُوْا
بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا
ط اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (۶۹) اَلَمْ يَاْتِهِمْ
نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ عَادٍ وَّثَمُوْدَ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ط اَتَتْهُمْ
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (۷۰) وَالْمُؤْمِنُوْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ م يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ (۷۱) وَعَدَاللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَاالْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ
طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ط وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (۷۲)



نبی کو گوش ( کان ) کہہ کر نبی کو تکلیف نہ دو، گوش برائے خیرِ مومناں کہو کیونکہ وہ اللہ اور مومنوں کے مخلص ہیں اور مومنوں کے لیے سراپا رحمت ہیں۔ نبی کو اذیت دینے والے کے لیے دردناک عذاب ہے۔(61) وہ تمہیں راضی کرنے کے لیے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں لیکن اگر وہ مومن ہوتے تو اللہ اور اللہ کے رسول کی رضا جوئی کو اولین فرض سمجھتے۔(62) کیا انہیں علم نہیں کہ جو اللہ اور اُس کے رسول سے مقابلہ کرے گا تو لازماً اُس کے لیے جہنم کی آگ ہے۔ وہ اُس میں ہمیشہ رہے گا۔ یہ بہت بڑی رسوائی ہے۔(63) منافق ڈرتے ہیں کہ اُن (مسلمانوں) پر کوئی آیت نہ اتر آئے جو انہیں بتادے کہ اُن (منافقوں) کے دلوں میں کیا ہے۔ کہو، تم مذاق کرتے ہو یقیناً اللہ کھولتا ہے جس سے تم ڈرتے ہو۔(64) اور اگر تم اُن سے پوچھو تو وہ کہیں گے ہم تو صرف مذاق وکھیل کر رہے تھے۔ تم کہو کیا اللہ اور اُس کی آیات اور اُس کا رسول ہی تمہارے مذاق کا ہدف رہ گیا ہے۔(65) بہانے نہ بناؤ، ایمان لانے کے بعد تم نے کفر کیا۔ کیا ہم تم میں سے مجرموں کی ایک جماعت کو معاف کردیں اور دوسری کو سزا دیں؟(66) بعض منافق مرد اور بعض منافق عورتیں بُرائی کا پرچار کرتے ہیں اور اچھائی سے روکتے ہیں اور اپنے ہاتھ باندھے رکھتے ہیں۔ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا ہے اور اللہ نے انہیں بھلا دیا ہے۔ بے شک منافق ہی فاسق ہیں۔(67) ۔اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کے لیے جہنم کی آگ کا وعدہ کیا ہے۔ وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ رہیں گے یہی سزا اُن کے حسب حال ہے اور اللہ نے اُن پر لعنت کی اور اُن کا عذاب ہمیشہ کا عذاب ہے۔(68) جس طرح تم سے قبل کے لوگوں نے جو قوت اور مال اور اولاد (افرادی قوت) میں تم سے زیادہ تھے اپنے حصہ سے فائدہ اٹھایا۔ اس طرح تم اپنے حصے سے فائدہ اٹھالو مگر تم تو گھسے رہے جیسے دنیا و آخرت کے اعمال ضائع کرنے والے گھسے رہتے ہیں (نقصان دہ کاموں میں) یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔(69) کیا اِن لوگوں تک اُن سے قبل قومِ نوح اور عاد و ثمود اور قومِ ابراہیم اور مدین کے لوگوں اور تباہ شدہ بستیوں کی خبر نہیں پہنچی۔ اِن کے پاس اِن کے رسول واضح حقائق کے ساتھ آئے اللہ ایسا نہ تھا کہ اُن پر ظلم کرتا۔ لیکن وہ خود پر ظلم کرنے والے تھے۔(70) اور مومن مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں، وہ بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں اور وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، انہی لوگوں پر اللہ رحم کرے گا۔ بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے(71) مومن مردوں اور عورتوں سے اللہ نے جنت کا وعدہ کر رکھا ہے جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور عدن کے باغوں میں رہنے کی طیب رہائش اور سب سے بڑی اللہ کی خوشنودی۔ یہ سب سے بڑی کامیابی ہے(72)۔

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ط وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ
(۷۳)يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ط وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا
لَمْ يَنَالُوْا وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ وَاِنْ
يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَالَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ
وَّلَانَصِيْرٍ(۷۴)وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَاللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَامِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ
(۷۵)فَلَمَّا اٰتٰهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ(۷۶)فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِىْ قُلُوْبِهِمْ
اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَاوَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ(۷۷)اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ(۷۸)اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
فِى الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَ هُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ط سَخِرَاللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۷۹)اِسْتَغْفِرْلَهُمْ اَوْلَاتَسْتَغْفِرْلَهُمْ ط اِنْ تَسْتَغْفِرْلَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَاللّٰهُ
لَهُمْ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْابِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ(۸۰) فَرِحَ
الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِى الْحَرِّ ط قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ط لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ
(۸۱)فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا جَزَآءً م بِمَا كَانُوْايَكْسِبُوْنَ(۸۲)فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ
اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِىَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِىَ عَدُوًّا
ط اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْامَعَ الْخٰلِفِيْنَ(۸۳)وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ
مَّاتَ اَبَدًا وَّلَاتَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ط اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ(۸۴)



اے نبیؐ، کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ لوٹنے کی بُری جگہ ہے۔(73) وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے کلمہ کفر ادا نہیں کیا لیکن اُنہوں نے کلمہ کفر کہا اور اپنے اسلام لانے کے بعد کفر کیا اور ارادہ کیا جو اُن تک نہ پہنچا (برے ارادے ناکام ہوئے) اور انہیں تو صرف یہ پسند تھا کہ اللہ اور اللہ کا رسول انہیں اپنے خزانے سے غنی کر دیں۔ اگر وہ توبہ کرلیں تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ نہ مانیں تو اللہ انہیں دنیا و آخرت میں المناک عذاب دے گا اور اُن کا زمین پر کوئی دوست اور مددگار نہ ہوگا۔(74) اور اُن میں سے جس نے اللہ سے عہد کیا' اگر اللہ ہمیں اپنے فضل سے عطا کرے تو ضرور ہم اللہ کے راستے میں صدقہ دیں گے اور ضرور صالح لوگوں میں شامل ہو جائیں گے۔(75) پھر جب اُس نے انہیں اپنی جناب سے مال و دولت عطا کر دی تو انہوں نے اس میں کنجوسی کی اور وعدہ سے بھاگ گئے اور وہ تھے ہی منہ موڑنے والے۔(76) اُن کا انجام یہ کیا کہ اُن کے دلوں میں قیامت کے دن تک نفاق رکھ دیا کیونکہ انہوں نے اللہ سے وعدہ خلافی کی اور کیونکہ وہ جھوٹے تھے۔(77) کیا انہیں علم نہیں کہ اللہ ان کے راز اور سرگوشیاں جانتا ہے اور یہ کہ اللہ غیب کی باتوں کو خوب جانتا ہے۔(78) بخوشی صدقات دینے والے مومنوں کو حرفِ تنقید بنانے والوں اور اپنی محنت پر ہی رہ جانے والے مستحقین کا مذاق اڑانے والوں کو اللہ نے ان کے مذاق کا جواب دے دیا۔ اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔(79) آپ اُن کے لیے استغفار کریں یا نہ کریں اگر آپ اُن کے لیے ستر (70) مرتبہ بھی استغفار کریں تو بھی اللہ ہرگز اُن کو معاف کرنے والا نہیں۔ یہ اِس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور اللہ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(80) پیچھے رہ جانے والے اللہ کے رسول کے پیچھے، اپنے بیٹھ رہنے پر خوش ہوئے اور انہیں اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کرنا اچھا نہیں لگا۔ اور وہ کہتے ہیں کہ گرمی میں خرچ نہ کرو۔ کہو، جہنم کی آگ اس گرمی سے کہیں شدید ہے کاش وہ سمجھدار ہوتے۔(81) انہیں چاہیے کہ وہ تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں یہ اُن کے اعمال کی سزا ہے۔(82) پھر اگر آپ کو اللہ کسی گروہ کی طرف بھیج کر سلامتی سے واپس لے آئے اور پھر جب وہ آپ سے جہاد کیلئے اجازت طلب کریں۔ پھر آپ کہو تم میرے ساتھ کبھی بھی نہ نکلو گے اور ہرگز میرے ساتھ مل کر دشمن سے قتال نہ کرو گے۔ بے شک تم نے پہلی بار بیٹھ رہنے کو پسند کیا۔ اب بھی تم پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھو۔(83) اِن میں سے اگر کوئی فوت ہو جائے تو کبھی اِس کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ اُن کی قبر پر کھڑے ہوں (دعا کے لیے) کیونکہ انہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول سے کفر کیا اور مر گئے اور وہ فاسق لوگ تھے۔(84)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَلَا تُعْجِبْکَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ط اِنَّمَا يُرِيْدُاللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِی الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ
اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ(۸۵)وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ
اسْتَاْذَنَکَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ (۸۶)رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ
الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ(۸۷)لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ط وَاُولٰٓئِکَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ(۸۸)اَعَدَّاللّٰهُ
لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط ذٰلِکَ الْفَوْزُالْعَظِيْمُ (۸۹)وَجَآءَ
الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَالَّذِيْنَ كَذَبُوااللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ(۹۰)لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَاعَلَى الَّذِيْنَ
لَايَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ط مَاعَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ط
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۹۱)وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآاَتَوْکَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ
عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ(۹۲)اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى
الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَکَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ(۹۳)



تجھے اُن کے مال اور اولاد تعجب میں نہ ڈالے۔اللہ چاہتا ہے کہ اُن کو اِن سے ہی دنیا میں عذاب میں ڈالے اور اُن کی
جانیں نکال دے۔اور وہ کافر ہیں۔(85) جب اُن پر اللہ پر ایمان لانے اور اللہ کے رسول کے ساتھ مل کر جہاد کرنے کے
بارے میں کوئی سورۃ اتاری جاتی ہے تو اُن میں سے دولت مند طبقہ اُن کے پاس آ کر کہتا ہمیں بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ
چھوڑ دیجئے۔(86) وہ خانہ نشین عورتوں کے ساتھ بیٹھے رہنے پر راضی ہوئے اور اُن کے دلوں پر مہر لگادی گئی اور وہ نادان
ہیں۔(87) لیکن رسول اور اُس کے ساتھ ایمان لانے والے ساتھی اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں۔انہی کے
لیے بھلائیاں ہیں اور وہی فلاح یافتہ لوگ ہیں۔(88) اِن لوگوں کے ساتھ اللہ نے جنت کا وعدہ کر رکھا ہے،جس کے نیچے
نہریں بہتی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔(89) بادیہ نشینوں میں سے بہانے بنانے والے
آئے اور کہا انہیں بیٹھ رہنے کی اجازت دے دی جائے۔اور بیٹھے رہے اللہ اور اللہ کے رسول کو جھٹلانے والے۔اِن کفر
کرنے والوں کو جلد دردناک عذاب ملے گا۔(90) ضعیفوں اور بیماروں اور ناداروں پر کوئی حرج نہیں اگر وہ اللہ اور اللہ
کے رسول کی خیر خواہی کرتے رہیں اور راستہ کے احسان کرنے والوں کو اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔(91) اُن پر بھی
کوئی گناہ نہیں جو آپ کے پاس آتے ہیں اور سواری مانگتے ہیں اور آپ فرماتے ہیں سواری تو موجود نہیں۔وہ آنکھوں میں
آنسو لیے ہوئے غمزدہ واپس چلے جاتے ہیں افسوس کے ساتھ کہ اُن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ بھی نہیں(92) اِن لوگوں کو
تو عذر ہے مگر وہ لوگ جو صاحبِ ثروت ہیں اور اپنی گھریلو عورتوں کے پاس گھر میں بیٹھ رہنے کی اجازت مانگتے ہیں اللہ نے
اُن کے دلوں پر مہر لگادی ہے اور وہ نادان ہیں۔(93) ☆☆